V
SIGN
OF VICTORY

Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۹	مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۵ صفر ۱۳۶۱ھ مطابق ۲۱ فروری ۱۹۴۲ء	جلد ۵۵

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حصہ اول

۱	منظوری نظام نامہ عدالت ہائے مال ریاست رامپور ۱۹۴۲ء	۲
۲	منظوری تقرر سید ابو طالب صاحب۔ ایم۔ بی۔ بی۔ ایس۔ ڈی۔ ٹی۔ ایم و ڈی۔ ٹی۔ ایچ بعہدہ میڈیکل آفیسر ٹی بی کلینک	۲-۳
۳	منظوری تبادلہ سیکنڈ لفٹنٹ سید اصل خاں سیکنڈ لفٹنٹ سید علی شاہ (اے گیارہ) بجگہ سیکنڈ رامپور مرتضیٰ انفنٹری پرنسس ان فورسیٹ	۳-۴
۴	منظوری تقرر ڈی۔ جے۔ ولیم بعہدہ کیڈٹ سیکنڈ لفٹنٹ مرتضیٰ انفنٹری	۴
۵	عطائے اختیارات عہدہ سپرنٹنڈنٹ صاحب کانیج انڈسٹریز	۴-۵

آرڈرز ان کونسل ۔ رامپور اسٹیٹ

۱	منظوری ترمیم قواعد محصول دیاسلائی ریاست رامپور ۱۹۴۱ء	۶
۲	منظوری تشکیل کمیٹی ہائے آر۔ پی۔ تحت دفعہ ۳ آرڈیننس جمعیت ہائے احتیاطی حملہ ہوائی ریاست رامپور ۱۹۴۱ء	۶-۷

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایوں اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم:- واقع ۱۲ر جنوری ۱۹۴۲ء

بموجب رپورٹ **نظام نامہ عدالتہائے مال ریاست رامپور ۱۹۴۲ء کی**

منظوری دی جاتی ہے۔ کاغذات عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

آرڈر نمبر ۲۷۷

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

عرض　　　معروض

جناب عالی

نظام نامہ عدالت ہائے مال ریاست رامپور ۱۹۳۸ء" بحکم اجلاس ہمایوں مصدرہ ۱۳ر نومبر ۱۹۳۸ء تجربتاً ایک سال کے لئے ابتداً منظور فرمایا گیا تھا۔ اس کے بعد محض قاعدہ (۳) میں ضروری ترمیم ہو کر اس کی مستقل منظوری بحکم اجلاس ہمایوں مصدرہ ۱۰ر مارچ ۱۹۴۱ء صادر ہوئی۔ جولائی ۱۹۴۱ء میں نظامنامہ مذکور میں مزید ترمیمات کمیٹی ترمیم و تنسیخ قوانین نے تجویز کیں۔ جن کے متعلق کارروائی ضابطہ عمل میں لائے جانے کی بابت بتاریخ ۳۱ر جولائی ۱۹۴۱ء حکم ہمایوں شرف صدور پا چکا ہے۔ چنانچہ بعد اندراج ترمیمات مجوزہ از سر نو مرتب شدہ "نظام نامہ عدالت ہائے مال ریاست رامپور ۱۹۴۲ء" عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر نے بہ استدعائے منظوری ارسال کیا ہے۔ اسٹیٹ کونسل نے بھی جلسہ منعقدہ ۵ر جنوری ۱۹۴۲ء میں منظوری نظام نامہ مذکور سے اتفاق کر لیا ہے۔

لہٰذا ترقی خواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری نظام نامہ مذکور مسلک شرف نفاذ پائے۔

زیادہ حدِ ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

ترقی خواہ دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر مورخہ ۱۰ر جنوری ۱۹۴۲ء

نمبر ۵۵

تشہیر صدور احکام ضابطہ جاری ہوں۔ درج گزٹ ہو۔ ۱۵ر جنوری ۱۹۴۲ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

(نوٹ:- نظامنامہ مذکور کی کاپی حصہ سوم میں ملاحظہ ہو)

حکم:- واقع ۱۰ر فروری ۱۹۴۲ء

بموجب رپورٹ سید ابو طالب۔ ایم۔ بی۔ بی۔ ایس۔ ڈی۔ ٹی۔ ایم و ڈی۔ ٹی۔ ایچ کا تقرر از یکم فروری ۱۹۴۲ء امتحاناً برائے ایکسال بعہدہ میڈیکل آفیسر آف ہیلتھ بمشاہرہ و سواری الاؤنس و کرایہ مکان معرفۂ عرضداشت منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

آرڈر ملاحظہ

اعلیحضرت بندگانحضور پُر نور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض جناب عالی میرساند

بحکم اجلاس ہمایوں مصدورہ ۱۵ نومبر ۱۹۲۱ء میڈیکل ڈپارٹمنٹ میں ایک جدید آسامی میڈیکل آفیسر آف ہیلتھ کی برائے انجام دہی کار میونسپل بورڈ فرسٹ گریڈ ۱۱۔ سے ۔ سالی ۔ ۔ ۔ اماہت و سواری الاؤنس پچیس روپیہ ماہانہ منظور فرمائی گئی ہے۔ اس سلسلہ میں عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر کی تجویز ہے کہ آسامی مذکورہ کے لئے اخبارات میں اعلان کے بعد جو درخواستیں موصول ہوئیں۔ اُن میں سب سے بہتر سید ابوطالب باشندۂ ضلع غیر ثابت ہوئے۔ ان کی عمر چالیس سال کی ہے اور ہیلتھ آفیسری کا گیارہ سالہ تجربہ ہے۔ اور علاوہ ایم۔ بی۔ بی۔ ایس کے انکے پاس ڈی۔ پی۔ ایم اور ڈی۔ ٹی۔ ایچ انگلستان کی سندیں بھی ہیں۔ چونکہ وہ گریڈ کی ابتدائی تنخواہ پر ملازمت کے لئے آمادہ نہیں ہوئے۔ اسلئے باعتبار قابلیت و تجربہ اُن سے طے ہوا ہے کہ مبلغ تین سو روپیہ ماہانہ تنخواہ و چالیس روپیہ ماہانہ سواری الاؤنس (برائے سواری و گھوڑا) اور بیس روپیہ ماہانہ کرایہ مکان بحالت عدم انتظام مکان سرکاری دلایا جائے گا۔ اور یکم فروری ۱۹۲۲ء سے کام کی اجازت دیدی گئی ہے۔ سروس سلکشن بورڈ کو عارضی تقرر سے اتفاق ہے۔ اور تجویز مذکورہ سے حینہ فائنانس کو بھی اتفاق ہے۔ لہذا امتحاناً ایک سال کے لئے تقرر کی منظوری از یکم فروری ۱۹۲۲ء بصراحت بالا قابل صدور ہے۔

تنخواہ و بجٹ اسٹیٹ ہیلتھ ڈپارٹمنٹ سے ادا ہوگی۔ اسٹیٹ کونسل نے بھی جلسہ غیر معمولی منعقدہ یکم فروری ۱۹۲۲ء میں سید ابوطالب ایم۔ بی۔ بی۔ ایس۔ ڈی۔ پی۔ ایم و ڈی۔ ٹی۔ ایچ کا تقرر از یکم فروری ۱۹۲۲ء امتحاناً برائے ایک سال بعہدہ میڈیکل آفیسر آف ہیلتھ بمشاہرہ و سواری الاؤنس و کرایہ مکان معرضہ بالا منظور کئے جانے سے اتفاق کر لیا ہے۔ لہذا ترتیبوار مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری شرف نفاذ پائے۔

زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد

عرضی

از تنخواہ دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر بمورخہ ۱۴ فروری ۱۹۲۲ء

حکم:- مورخہ ۱۸ فروری ۱۹۲۲ء

بموجب رپورٹ سیکنڈ لفٹنٹ رشید اعلیٰ خاں۔ سیکنڈ لفٹنٹ سید حامد علی شاہ اور ایک سو گیارہ جوانان کو ۱۰ فروری ۱۹۲۲ء سے فرسٹ رامپور انفنٹری میں تبدیل کیا جاتا ہے۔ تاریخ مذکورہ سے وارد سکیل پر تنخواہ پائیں گے۔ مد مشاہرات بجٹ سیکنڈ رامپور مرتضیٰ انفنٹری سے مبلغ چھ ہزار روپیہ کی منتقلی مد مشاہرات بجٹ فرسٹ رامپور انفنٹری میں منظور ہے۔ سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم وملکہم

اعلیٰحضرت بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض جناب عالی میرساند

بتاریخ ۱۰ فروری ۱۹۲۲ء رامپور ٹریننگ بیٹالین سے

حسب ذیل دو کمیشنڈ افسران اور ایک سو گیارہ جوانان فیلڈ پر روانہ کئے گئے ہیں

۱۔ سیکنڈ لفٹنٹ رشید علی خاں صاحب۔

۲۔ سیکنڈ لفٹنٹ سید حامد علی شاہ صاحب۔

یہ افسران و جوانان ۱۰ر فروری ۱۹۲۲ء سے فرسٹ ری انفورسمنٹ میں تبدیل ہوں گے۔ اور تاریخ مذکور سے فیلڈ اسکیل پر تنخواہ پائیں گے۔ پس ایزادی ٹوٹل کی وجہ سے مد مشاہرات بجٹ فرسٹ ری انفورسمنٹ میں مبلغ چھ ہزار روپیہ کی فراہمی کی ضرورت ہے۔ یہ رقم مد مشاہرات بجٹ سیکنڈ رامپور رتضیٰ انفنٹری سے منتقل ہو سکتی ہے۔ مد مذکور میں بوجہ کمی ٹوٹل جوانان مبلغ چھ ہزار روپیہ کی منتقلی کی گنجائش ہے۔

اس ڈرافٹ کی روانگی کی وجہ سے رامپور ٹریننگ کمپنی میں جس قدر جگہیں خالی ہوئی ہیں وہ ذریعہ ریکروٹمنٹ پر کیجائینگی۔ تاکہ زمرہ مذکور کا منظور شدہ ٹوٹل پورا رہے۔ عالیمرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر کو مندرجہ بالا امورات کی منظوری سے اتفاق ہے۔

ترتیبواً مستدعی ہے کہ حکم منظوری پیشگاہ ہمایوں سے شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

عرضی

ترتیبواً دستخط عالیمرتبت صاحب ملٹری سکرٹری بہادر مورخہ ۱۷ر فروری ۲۲ء

حکم :- واقع ۱۸ر فروری ۱۹۲۲ء

بموجب رپورٹ ٹی۔ جے ولیم کو سیکنڈ رامپور رتضیٰ انفنٹری میں کیڈٹ مقرر کیا جانا منظور ہے سر رشتہ صدور سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

آرڈر جاری ہو۔

دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم وملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض میرساند

جنابعالی

مسٹر ٹی۔ جے ولیم ولد مسٹر اے۔ ڈبلیو ولیم ساکن اوک رائڈ مسوری رامپور اسٹیٹ فورسیز میں کیڈٹ بھرتی ہونا چاہتے ہیں۔ یہ نوعمر ہیں۔ میڈیکل فٹ ہیں انگریزی کی قابلیت بھی اچھی ہے۔

ترتیبواً مستدعی ہے کہ مسٹر ٹی جے ولیم کو سیکنڈ رامپور رتضیٰ انفنٹری میں کیڈٹ رکھنے کی منظوری پیشگاہ ہمایوں سے شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

عرضی

ترتیبواً دستخط عالیمرتبت صاحب ملٹری سکرٹری بہادر مورخہ ۱۷ر فروری ۱۹۲۲ء

حکم :- واقع ۱۹ر فروری ۱۹۲۲ء

بموجب رپورٹ سپرنٹنڈنٹ کاٹیج انڈسٹریز کو اختیارات افسر صیغہ عطا کیا جانا منظور ہے۔ سر رشتہ صدور سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیٰ حضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض می رساند

جناب عالی

عالی مرتبت صاحب منسٹر بہادر انچارج محکمہ صنعت و حرفت نے کاٹیج انڈسٹریز انسٹیٹیوٹ کے روبہ ترقی ہونے اور مزید شعبہ جات کے اضافہ کے باعث کام میں کافی زیادتی کا اظہار کرتے ہوئے تحریر کیا ہے کہ سپرنٹنڈنٹ کاٹیج انڈسٹریز کو معمولی مصارف کی منظوری ضابطہ حاصل کرنے میں طوالت ہوتی ہے جو باعث ہرج کار سرکار ہے لہذا اگر نامبردہ کو افسر صیغہ کے اختیارات عطا فرمائے جائیں تو باعث سہولت کار سرکار ہوگا۔ چنانچہ اسٹیٹ کونسل نے جلسہ منعقدہ ۱۲ رفروری ۱۹۴۲ء میں تجویز عطائے اختیارات افسر صیغہ سے اتفاق کر لیا ہے۔ لہذا ترقی خواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری مرضی بالاشرف نفاذ پائے۔

زیادہ حد ادب دولت و اقبال جاوید باد۔

عرضی

ترقی خواہ دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

مورخہ [illegible] فروری ۱۹۴۲ء

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ

آرڈر نمبر ۵۱۱ سرشتہ

واقع ۱۹ فروری ۱۹۴۲ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۶ فروری ۱۹۴۲ء میں عالیمرتبت صاحب اسٹیٹ ایڈوکیٹ بہادر کی تجویز بابت منظوری "ترمیم قواعد محصول دیاسلائی ریاست رامپور ۱۹۴۱ء" پیش ہو کر طے پایا کہ:-

حسب تجویز "ترمیم قواعد محصول دیاسلائی ریاست رامپور ۱۹۴۱ء" منسلکہ کی منظوری دیجاتی ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل حکم ہذا مع نقل ترمیم قواعد مذکور درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

(نوٹ:- کاپی ترمیم قواعد محصول دیاسلائی مع حکم بالا مقدم پر طاخذ(؟))

آرڈر نمبر ۵۰۸

واقع ۱۹ فروری ۱۹۴۲ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۰ فروری ۱۹۴۲ء میں حکم عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر مورخہ ۱۰ جنوری ۱۹۴۲ء بابت منظوری تشکیل کمیٹی اے۔آر۔پی تحت دفعہ ۳ آرڈیننس جمیعت ہائے احتیاطی حملہ ہوائی ریاست رامپور ۱۹۴۱ء

پیش ہو کر

طے پایا۔

کونسل کو حکم مجوزہ بالا منسلکہ سے اتفاق ہے۔

حکم ہوا کہ

حکم ہذا مع کاغذات منسلکہ برائے ترتیب مل سررشتہ صدر کو مرسل ہو۔ ایک نقل حکم ہذا اور حکم منسلکہ مورخہ ۱۰ جنوری ۱۹۴۲ء کی سررشتہ صدر سے برائے اندراج گزٹ اسٹیٹ پریس کو ارسال کیجائے۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

حکم ۱۰ جنوری ۱۹۴۲ء

حسب تجویز عالیمرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس تحت دفعہ ۳ آرڈیننس جمیعت ہائے احتیاطی حملہ ہوائی ریاست رامپور ۱۹۴۱ء مطبوعہ گزٹ ۲۰ دسمبر ۱۹۴۱ء حسب ذیل ارکان پر کمیٹی اے۔آر۔پی کی تشکیل کی منظوری دیجاتی ہے

۱- عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر انچارج محکمہ پولیس	صدر (اکس افیشیو)
۲- عالیمرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس	نائب صدر (اکس افیشیو)
۳- عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر	ممبر
۴- عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر	ممبر
۵- عالیمرتبت صاحب چیف میڈیکل آفیسر بہادر	ممبر
۶- چیرمین صاحب میونسپل بورڈ	ممبر
۷- صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس	ممبر
۸- صاحب سکریٹری بہادر تعلیمات	ممبر
۹- ڈسٹرکٹ چیف مجسٹریٹ صاحب	ممبر
۱۰- اگزیکٹو انجنیر صاحب روڈ	ممبر

۱۱۔ ایگزیکیوٹو انجینیر صاحب تعمیرات	ممبر
۱۲۔ انجینیر صاحب روشنی برقی	ممبر
۱۳۔ انجینیر صاحب موٹر گیراج	ممبر
۱۴۔ اسٹیٹ ہیلتھ افسر صاحب	ممبر
۱۵۔ ایگزیکیوٹو افسر صاحب میونسپل بورڈ	ممبر
۱۶۔ سالار بزریہ لفٹنٹ کرنل دلاور حسین خانصاحب	ممبر
۱۷۔ سالار جھیانی میجر محمود احمد علیخانصاحب	ممبر
۱۸۔ سالار کنڈہ علامہ محمد اسمٰعیل خانصاحب [illegible]	ممبر
۱۹۔ سالار گوجر ٹولہ محمد بختیار علیخانصاحب و سلامت علیخانصاحب	ممبر
۲۰۔ سالار پیلا تالاب محمد باقر رضا خانصاحب	ممبر
۲۱۔ سالار چوک فضل حسین خانصاحب	ممبر
۲۲۔ سالار گنج لالہ رتن لال صاحب	ممبر
۲۳۔ سالار قوالی شہر بابو شیو نرائن صاحب ٹرانسپورٹ سپرنٹنڈنٹ	ممبر
۲۴۔ سالار رزرو میجر محمد اسد علیخانصاحب	ممبر
۲۵۔ سالار پاکھڑ محمد ایوب خانصاحب	ممبر
۲۶۔ مسٹر فہیم الزماں ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس	سکریٹری

نیز مسٹر فہیم الزماں ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس کو اے۔ آر۔ پی آفیسر مقرر کئے جانے کی بھی منظوری دیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ بعد اجراء کاغذات برائے مثل اسٹیٹ کونسل صاحب سکریٹری بہادر کونسل کی خدمت میں مرسل ہوں۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر